خلد نشین نواب سکندر بیگم صاحبہ جی، سی، ایس، آئی فرمانروائے بھوپال اُن خواتین مین تھین جن کی زندگی تاریخ عالم نسوان کی زیب وزینت ہے اُن کے دوران حیات مین جو گوناگون انقلاب پیش آئے اور اُن مین اُنھون نے جس عزم، استقلال، فراست اور بیداری کا ثبوت دیا اور آخرالامر جیسی کامیابیان اُن کو حاصل ہوئین وہ اس بات کا بیّن ثبوت ہین کہ قادر مطلق کے فضل و انعام سے اُن کو کافی حصہ عطا ہوا تھا اور قدرت کو منظور تھا کہ اٹھارویں صدی عیسوی کی پرآشوب زمانہ اور ایک ایسے غیر متمدن ملک مین جہان آثار مدنیت کو مٹے ہوئے صدیان گذر چکی تھین اُن کے ہاتھوں سے عظیم الشان کام سر انجام پائین۔

اُن کی ذات مختلف النوع قابلیتون اور صفات کا مجموعہ تھی، وہ مدبر رئیس تھیں سپاہیانہ اور بہادرانہ حوصلہ رکھتی تھیں۔ مذہب کی پابند تھین، ساتھ ہی فراخ دل غیر متعصب تھیں۔ ہمدردی اور رحمدلی اگرچہ طبیعت ثانیہ تھی مگر سیاست کے وقت اِن جذبات سے کوئی اثر قبول نہ کرتی تھین۔ حُبِ وطن کا مقدس جذبہ اور اہل وطن کی ترقی کا خیال ہمیشہ اُن کے دل مین جاگزین رہتا تھا۔

وہ خود جنس ضعیف کی ایک فرد تھیں، اس لئے اپنی جنس کی صحیح عظمت مرکوز خاطر تھی۔ گھر کے باہر وہ ایک بارعب حکمران تھیں، گھر کے اندر ایک شفیق و کریم ربۃ البیت تھیں، اور اُن تمام خصوصیات سے ممتاز تھیں جو اس صنف ضعیف کا منشار خلقت ہیں۔

اگرچہ وہ خود عالم نہ تھیں مگر علم کی قدر دان تھیں اور باوجود عدیم الفرصتی اور فرائض حکومت کے وقت کا کچھ حصہ مطالعہ کتب کے لئے وقف تھا اور اُن کے مطالعہ میں مذہبی و اخلاقی کتابیں زیادہ رہتی تھیں، اُن کی تعلیمی زبان فارسی تھی جو اس عہد کے دفاتر کی عام زبان تھی۔ اس لئے اُنھوں نے بھی فارسی کی تعلیم حاصل کی تھی اور اس لٹریچر کے ساتھ خاص ذوق پیدا ہوگیا تھا اُن کے علمی ذوق اور مسٹر جوزف ڈوی کنگھم کی ترغیب نے اُن کو تاریخ بھوپال کی ترتیب وتدوین پر آمادہ کیا اور اگرچہ یہ کام چند قابل اشخاص کے ہاتھوں میں رہا لیکن اُن کے اصل مسودات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ خود اُنھوں نے واقعات کی تحقیق اور حالات کی تنقید میں کس قدر محنت کی اور ایک مورخ کی حیثیت سے تاریخ نگاری کے فرض کو کس خوش اسلوبی سے انجام دیا چنانچہ اس کتاب کا ایک حصہ فارسی میں تاریخ سکندری کے نام سے شائع بھی ہوگیا تھا۔

حج کے بعد اُنھوں نے ایک سفرنامہ لکھا جو اردو میں شائع نہیں ہوا لیکن مسٹر ولیم ولبی اسبرن صاحب پولیٹکل ایجنٹ بھوپال کی خاتون محترم نے

مسوده سے انگریزی میں ترجمہ کر کے شایع کر دیا اُنہوں نے ملک کی تمدنی ترقی اور سیاسی و عدالتی اغراض کے لیئے قوانین نافذ کیئے اور اپنی ریاست کو جہاں پہلے کسی قانون اور ضابطہ کا نشان تک نہ تھا ایک حد تک آئینی و قانونی حکومت بنا دیا، اس مسئلہ میں اُن کا قانون ناظمی ایک مشہور قانون ہے۔ مگر سب سے پہلے اُنہوں نے خود اپنے اور اپنے آیندہ جانشینوں کے لیئے ایک قانون یا مجموعۂ اصول حکمرانی مرتب کیا۔

۱۲۶۳ھ مطابق ~~۱۸۴۷ء~~ ۱۹۴۷ء میں جب وہ اور میاں فوجدار محمد خاں دونوں مکرر خلدمکان نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ مرحوم و مغفور کے ریجنٹ کی حیثیت سے بالاشتراک حکومت کرتے تھے "آئین سکندری" کی تدوین کی اور جب وہ اپنی مسلمہ قابلیتوں کے امتحان کے بعد بلاشرکت غیرے ریجنٹ ہوئیں اور اُن کے بعد پھر استحقاقاً فرماں روا سے ملک تسلیم کی گئیں تو دم واپسین تک وہ اسی آئین پر کاربند رہیں۔ مجھے بے انتہا افسوس ہے کہ یہ مجموعہ غیر مکمل دستیاب ہوا اور باوجود تلاش و سعی بلیغ اس کے مسودات بھی نہ ملے پھر اس کی تصحیح میں بڑی دقتیں پیش آئیں۔ کیونکہ مبیضہ نہایت غلط لکھا ہوا تھا۔

بہر حال یہ ایک بیش قیمت چیز ہے اور اُس خاتون معظم کی یادگار ہے جس نے اپنے ملک اور وارثوں کے لئے نہایت سخت محنتیں کیں، اس لیئے میں اُس تعظیم و تشکر کے اظہار میں جو میرے دل میں اپنی جلیل الشان مورثہ اور جدہ معظمہ کی

نسبت ہے اس ناتمام کتاب کو جس حالت میں مجھے ملی ہے شائع کرتی ہوں۔

خدائے تعالیٰ نے چاہا تو عنقریب اُن کی مکمل و جامع سیر بھی شایع ہو کر ملک کے ہاتھوں میں پہونچے گی، جس کو نور العین نواب بریگیڈر جنرل حاجی حافظ محمد عبید اللہ خاں صاحب بہادر سی، ایس، آئی، آنریری کرنل افواج برطانیہ و کمانڈر انچیف افواج بھوپال نے بڑی محنت و کوشش اور تحقیق و تنقید کے ساتھ تالیف کیا ہے، اور وہ میرے اس اجمال کی تفصیل ہوگی جس کا سطور بالا میں مختصر تذکرہ ہے۔

مجھے امید ہے کہ جہاں سرکار خلد نشین کے اخلاف اور جانشین اس مجموعہ کو غور سے دیکھیں گے، وہاں اس ریاست کے عہدہ دار اور عمال بھی مستفید ہوں گے۔

آخر میں اس مجموعہ کے ناظرین کو اس طرف بھی توجہ دلانا ضرور ہے کہ اس مجموعہ کو ادبی حیثیت اور لٹریچر کے اس بلند معیار پر نہیں دیکھنا چاہئے کیونکہ یہ اس عہد کی دفتری زبان ہے۔ نقل و کتابت میں بھی کچھ نصرف ہو گیا ہے۔ بلکہ یہ مجموعہ صرف اس نظر سے پڑھنے کے لائق ہے ؎

مشو مفتونِ صورت فیضِ معنی خواہ از سیرت ‌‌ ‌‌ ‌‌ ‌‌ کہ می گوید بہ او منگر، چہ می گوید بہ او بنگر

اسی طرح بعض امور اس زمانہ کے مصالح اور حالات کے اقتضا پر مبنی ہیں اور موجودہ زمانہ میں ناقابل توجہ ہیں لیکن اُن کی اہمیت اور شان میں جو اس زمانہ کے لحاظ سے ہے۔ کچھ کمی نہیں ہوتی اور قدیم تاریخی دور کے اسرار معلوم ہوتے ہیں لہذا وہ بھی بجنسہ قایم رکھے گئے ہیں۔

چونکہ اس زمانہ میں فارسی زبان سے بالکل اجنبیت اور بیگانگی ہوتی جارہی ہے
اس لئے میں نے یہ بھی مناسب سمجھا کہ ساتھ ہی ساتھ اس کا ترجمہ بھی شایع کیا جائے
چنانچہ دفتر تاریخ کے ایک اہلکار منشی محمد عبدالوحید نے اس کا ترجمہ کیا اور اصل متن
کی تصحیح اور ترجمہ پر نظر ثانی مولوی محمد عبدالرزاق صاحب منتظم تاریخ نے کی ہے۔

اس کتاب میں جن مضامین پر بحث کی گئی وہ حسب ذیل ہیں۔

(الف) فرماں رواکے فرائض

(۱) عدل وانصاف، سیاست، خبروں کی تنقید۔
(۲) فیصلہ مقدمات میں غور وفکر، مستقل مزاجی
(۳) عمال کی نگرانی، اورتعمیل احکام
(۴) خلوص عمل، عبادت، توکل الی اللہ، اخلاقی جرأت۔
(۵) خودداری، خوداعتمادی، وقت کی قدروقیمت، باقاعدہ محنت
(۶) فوج اورقلعوں کی نگرانی۔
(۷) جانشینان ریاست کی تعلیم وتربیت۔
(۸) اخوان ریاست سے حسن مراعات، حقوق وراثت کا تحفظ، مسئلہ جانشینی
ضبطی جاگیر تہنیت وتعزیت۔

ب) عمال کی نگرانی

(۱) اعلیٰ عہدہ داران کا طرز عمل، فرائض و قانون کی پابندی

(۲) ماتحت نوازی کے طریقے۔

(۳) ملازمان ادنیٰ سے کام لینے کے اصول، خدمات کا صلہ

ج) مخلوق الٰہی کا تحفظ

(۱) حقوق العباد کا خیال، مظالم کا انسداد۔

(۲) خیرات کا مصرف، اور مستحقین خیرات

د) متفرقات

(۱) مذاق علمی، مطالعہ کتب، آثار قدیمہ کی تحقیقات، طیور و حیوانات کی پرورش زراعت، تجارت، عمارات، باغات اور دیگر امور نافعہ۔

بظاہر یہ چند عنوان جو بلا تسلسل ہیں، لیکن اگر نظر غور سے دیکھا جائے تو سیاست اور حکمت عملی کے یہ مستقل ابواب ہیں جن سے کوئی شخص بے نیاز نہیں ہو سکتا ہے۔

یہ قانون در اصل نصائح کا ایک زرین مجموعہ اور اُن کے اصول حکمرانی کا

ایک مجلے آئینہ اور اُن کے اخلاق فاضلہ کا ایک دلکش مرقع ہے اس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُنہون نے علم اخلاق کا کس قدر وسیع مطالعہ کیا تھا اور فلسفۂ حکومت کو کس دقیق النظری سے دیکھا تھا۔ خداوند کریم اُن کے جانشینون کو اس قانون پر کاربند ہونے کی توفیق عطا فرماے۔ آمین۔

(قصر سلطانی) سلطان جہان بیگم

آئینِ سکندری

سیاست مدن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد حضرت رب العالمین و نعمت سید المرسلین کہ تبئین آن کما حقہ امکان ہیچ حرف آفرین نیست بر ضمیر صیرفیان سخن و جوہر شناسان این فن منکشف می سازد کہ اکثر رئیسان بھوپال بسبب کم فرصتی از جدال و قتال رئیسان گرد و پیش و اقربایان کوتاہ اندیش نظم و نسق و رتق و فتق مہمات ریاست و احکام امور ملکی و مالی را بہ قید و صلاح آئین و دستور بر یک طرز کار فرمائی نشد پس درین صورت بند و بست ملک بر یک آئین و روش از عرصہ کثیر چنانکہ باید بوقوع نیامد۔ لہذا اے ناقص با اقتضای آن کرد کہ اگر بند و بست این ملک بر آئین و قاعدہ بر یک طریق بہ رشتہ شیرازہ بہ ہیئت مجموعی بستہ آید باصلاح اقرب است کہ بہ مستفیضان این فن منفعت کلی خواہد رسید۔ و انشاء اللہ تعالیٰ یقین است کہ تدبیر خام و کار ناتمام ہم بوقوع نخواہد انجامید۔ و سنہ یک ہزار و دو صد و شصت ہجری

مطابق یک ہزار دو صد و چہل و چہار فصلی ترکیب و ترتیب داده
آئین سکندری تام نهادم امید از دانش وران عالی فطرت آنست
که عیب و خطا را از اصلاح نیک دریغ نه فرمایند و بالله التوفیق
إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ و دیگری فرماید وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ
أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ۔

باب اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نصیحت۔ خداوندِ ملک را واجب است
که هر آں وقت که حادثه رو دهد و موجب
تشویش خاطر باشد، شباں گاہے
که خلق آرام گیرند استعانت به درگاہ حق
سبحانه تعالیٰ برد۔ و به دعاے زاری
قوت و نصرت خواهد پس آنگاه به زیارت
بقاع شریفه رفتن و از روان پاکان مدد
جستن پس آنگاه در حقِ ضعیفان و مسکینان
نظر کردن و تنے چند از زندانیان رهانیدن
و نیت خیرات کردن و لشکریان و حواشی
و سائر بندگان را نوازش فرمودن و به وعده
خیر امیدوار گردانیدن۔ و از روے عقل

فرماں روا پر واجب ہے کہ جب کوئی حادثہ
پیش آے اور دلی پریشانی کا باعث ہو تو
رات کے وقت جب کہ ساری خدائی
آرام سے سوتی ہے (وہ اُٹھے) اور حق
سبحانہ تعالیٰ سے مدد چاہے اور رقت آمیز
دعا کے ذریعہ طاقت و نصرت کا طالب ہو
اُس کے بعد مزارات مقدسہ کی زیارت کو جائے
اور بزرگان دین کی روح سے مدد چاہے
پھر ضعیفوں اور مسکینوں کے حال پر غور کرے
کچھ قیدی چھوڑے اور خیرات کی نیت کرے
سپاہی خدام اور جملہ نوکروں کے ساتھ نوازش
فرماے اور ان کو آیندہ کی بھلائی کی امید دلاے اور عقلمند

با مشاورت دوستان ہمدرد و یکدل
در دفع آن حادثہ سعی نمودن پس چون
مراد بر آید شکر فضل خداے تعالیٰ گفتن واز
قدرت و کفایت خویش ناد انستن۔
پس آنگاہ بہ نذرہا کہ کردہ وفا نمودن
شکرانہ مزید بجا آوردن تا نوبت دیگر چون
واقعہ پیدا گردد دلہا بجانب دے
مائل باشند چنانچہ نصیحت سعدی بہ گوش
دل شنود و بہ صدق بکار بندد کہ بہ توفیق
حق سبحانہ تعالیٰ مرادش حاصل باشد
باش و پسر زندہ بہ عافیت و دنیا و آخرت
بر مراد۔ واللہ رؤف بالعباد

نصیحت۔ خداوند ملک را لازم کہ
چون شب در آید لباس امرائی بدر کردہ
خرقہ درویشی در پوشیدہ بہ درگاہ حق سبحانہ
تعالیٰ سر طاعت بر زمین ذلت مالد و نالد و
بگوید یارب المالک ملک تست و بندہ

اور رازدار دوستوں کے مشورہ سے اس حادثہ کو
دفعیہ کی کوشش کرے۔ اسکے بعد جب مراد پوری
ہو جاے تو خدا کے فضل کا شکریہ ادا کرے
اور اُس کو اپنی قدرت اور کارسازی کا نتیجہ نہ سمجھے۔
اور جو نذریں مانی ہیں اون کو پورا کرے اور مزید
شکریہ ادا کرے تاکہ آیندہ اس قسم کا واقعہ
پیش آے تو اُس کی طرف لوگوں کے دل مائل ہوں
شیخ سعدی شیرازی کی نصیحت بھی گوش دل سے
سنے اور سچائی کے ساتھ اس پر کاربند ہو کہ حق
سبحانہ تعالیٰ کی توفیق سے اُس کی مراد حاصل ہو
اور وہ خود اور اُس کی اولاد آرام سے رہے اور دنیا
اور آخرت میں کامیابی ہو۔ واللہ رؤف بالعباد
فرمانروا پر لازم ہے کہ جب رات ہو جاے
امیرانہ لباس اُتار کر خرقہ درویشی پہنے
اور حق سبحانہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انتہائی
عاجزی سے سر جھکا کر عرض کرے۔
اے میرے رب! مالک ملک تو ہے اور میں تیرا غلام ہوں

بندۂ تو ملک بہ زور بازو و زخم شمشیر من
حاصل نشدہ تو بخشندہ و ہم تو خداوند
قوت و نصرتی"

موعظہ۔ علما و ائمہ دین را حرمت دار
و بالا دست مردمان نشان و بہ استصواب
رای ایشان حکم ران تا سلطنت مطیع شرع
باشد نہ شریعت در ذیل سلطنت

پند۔ عمارت جسر و مسجد و خانقاہ و
چاہات بر سر راہ از حسنات امور مملکت داند

تنبیہ۔ قومی کہ بہ طاعت حق مشغول است
ہمت بجانب ایشان مصروف دارد
و توفیق خدمت ایشان را فرصت شمارد
کہ ہمت پارسایان دولت و ملک را حمایت کنند
پادشاہان کہ مشفق درویشند نگہبان دولت و
ملک خویشند۔ بہ حکم آن کہ عدل و رافت
خداوند مملکت موجب امن و استقامت
رعیت است و عمارات و زراعت

یہ ملک میرے زور بازو اور تلوار کی کاٹ سے
حاصل نہیں ہوا ہے تو ہی داتا ہے اور تو ہی
قوت و نصرت دینے والا ہے۔

علمائے اور ائمہ دین کا احترام رکھے اور عوام
ان کو بالاتر سمجھائے اور ان کی رائے سے فائدہ
اٹھا کر حکم جاری کرے تا کہ سلطنت شریعت کی تابع ہو
نہ کہ شریعت سلطنت کے دامن میں پناہ لے۔

پل، مسجد، خانقاہ، اور کنوئیں راستے پر
بنانا حکومت کے عظیم الشان کام سمجھے،

جو گروہ خدا کی اطاعت میں مشغول ہے
اُن کی جانب اپنی توجہ رکھے اور
اُن کی خدمت کو غنیمت سمجھے کیونکہ
درویشوں کی توجہ سلطنت کی حامی ہوتی ہے
جو بادشاہ کہ درویشوں کے دوست ہیں وہ
حقیقت میں اپنی دولت اور ملک کے نگہبان ہیں
کیونکہ بادشاہوں کا عدل اور ان کی مہربانی رعیت کو
امن و استقامت کا سبب ہیں اور ملک کی آبادی و معمورا

بیش اتفاق افتد و نام نیکو و آوازۂ ارزانی
بہ اقصائے عالم رود و بازارگان و مسافران
رغبت نمایند۔ و قماش و غلہ و متاع دیگر
بیاورند۔ پس مملکت آبادان شود و خزائن
معمور۔ و لشکریان و حواشی فراخ دست،
و نعمت دنیا حاصل، و ثواب عقبیٰ واصل
و آنکہ طریق ظلم در زد بخلاف ایں فرد

خطا ہیں کہ از دستِ ظالم برفت
جہاں ماند و او بر مظالم برفت

از سیرت بادشاہان یکے آنکہ بہ شب
بہ درِ حق گدائی کنند و بہ روز بر سرِ خلق
بادشاہی

حکایت۔ یکے از خلفا بہلول را گفت
"مرا نصیحتے کن" گفت "از دنیا بہ آخرت
چیزے نتواں برد۔ مگر ثواب و عقاب۔
اکنوں در ایں ہر دو مخیّری"

نصیحت۔ صاحبِ دولت و فرماں را

اور نیک نامی اور ملک کی ارزانی کی شہرت
اطراف عالم میں پھیل جاتی ہے اور سوداگران
اور مسافروں کو رغبت پیدا ہوتی ہے کہ اس ملک میں سامان غلہ
اور طرح طرح کا مال لاویں جس سے ملک آباد اور خزانہ
معمور ہوتا ہے اور خادم مرفہ الحال ہو جاتے ہیں
اور دنیا کی نعمت اور عقبیٰ کا ثواب ملتا ہے،
اور جو ظالمانہ طریقہ اختیار کرتا ہے اسکا انجام اس بیت کے مضمون کے مانند ہوتا ہے

خطا ہیں کہ از دست ظالم برفت
جہاں ماند و او بر مظالم برفت

بادشاہوں کے عادت میں سے ایک یہی ہے کہ رات کو
خدا کے دروازہ پر جا کر بھیک مانگتے ہیں اور دن کو مخلوق پر
بادشاہی کرتے ہیں۔

کسی خلیفہ (مسلمان فرمانروا) نے بہلول (ایک دیوانہ فقیر) سے کہا
کہ مجھ کو کوئی نصیحت کیجئے کہا دنیا سے آخرت میں کوئی چیز
نہیں لے جا سکتے ہیں مگر ثواب اور عذاب
اب ان دونوں میں سے جسے چاہو پسند کر لو۔
فرمان روا پر واجب ہے کہ

در ملک و بقاے او خداوند تعالے
را ہمہ وقت تامل کردن واز دورِ زمان
اندیشیدن واز انتقال ملک از حق
بناحق نظر کردن و بر این پنجروزہ
ملک و مہلتِ دنیا دل نہ نہد و بہ جاہ
عاریتی مغرور نہ گردد

تنبیہ۔ فرداے قیامت ہمہ کس بترسند
مگر آن کس کہ امروز از خدا ترسیدہ
و آزار دلِ مردمان بے آزار نجستہ۔

تنبیہ۔ تو بر جاے آنہا ہستی کہ رفتند
و کسانے کہ خواہند آمد۔ پس وجود
میان دو عدم اعتماد را نشاید۔ **قطعہ**

شہے کہ پاسِ رعیت نگاہ میدارد
حلال باد خراجش کہ مزدِ چوپانیست
وگرنہ راعیِ خلقست زہر مارش باد
کہ ہرچہ میخورد از جزیۂ مسلمانیست

صاحب فرمان را لازم کہ از تیز آہ ،

ملک اور اُسکے بقا کے لئے ہردم خدا پر نظر رکھے
اور گردش زمانہ پر غور کرتا رہے۔ اور اُسپر بھی
لحاظ رکھے کہ بلا سبب کسی کی جاگیر
دوسرے کے قبضہ میں نہ چلی جائے۔ اور
دنیا کی پنجروزہ حکومت اور اس کی مہلت پر فریفتہ
نہ ہو اور اس مستعار عزت پر مغرور نہ ہو۔

قیامت کے دن سب خوف زدہ ہوں گے
اس کو کچھ خوف نہ ہوگا جو آج خدا سے ڈرا
اور جس نے غریب آدمیوں کے دلوں کو نہیں ستایا۔

تو اُن لوگوں کا جانشین ہے۔ جو چلے گئے اور جو اُنکے بعد
آئینگے لہذا دو عدم کے مابین جو وجود ہو وہ قابل
اعتماد نہیں۔

جو بادشاہ رعیت کا خیال رکھتا ہے اُسکو ملک کا
خراج حلال ہے کیونکہ خراج گلہ بانی کی مزدوری ہے
اور اگر بادشاہ مخلوق کا محافظ نہیں ہے تو اسکا خراج سانپ کا زہر ہو کیونکہ
جو کچھ وہ کھاتا پیتا ہے گویا مسلمانوں سے جزیہ لیکر صرف کرتا ہے

صاحب فرماں روا پر لازم ہے کہ جس طرح مردوں کے تیز

دل زنان یعنی از سوز سینه سوخته
ایشان چنان بترسد که از تیزهٔ
مردان۔

موعظه۔ تا توانند به طریقے که میسر شود
از معصیت پرهیزد و اگر عیاذاً بالله قضا
رفت و خطا آمد از پے آن به خیر و صدقات
کوشد که خدائے تعالیٰ عفو کند۔

پند۔ شکر بزرگان آنست که بر خُردان
بخشایند و همت عالی آنکه بر مال مسکینان
دست نیالایند

تربیت۔ چون دست یابی آن کن
که اگر برگردد تحمل مثل آن توانی کرد۔

تنبیه۔ آزار دل ضعیفان مهمل نگیرد که موران
به اتفاق شیر را عاجز کنند و پشه‌ها
پیل را از پا در اندازند۔

صاحب فرمان را لازم که بامداد برخاسته
بعد از اداے فریضهٔ حق و شکر و سپاس

ویسے ہی عورتوں کے تیر سے ڈرے۔ یہ تیر
ان کی دل کی وہ ہائے ہے جو جلے ہوئے
سینہ سے نکلتی ہے۔

جب تک ہو سکے اور جس طریق سے میسر ہو
معصیت سے بچتا رہے اور اگر خدانخواستہ
گناہ سرزد ہو جائے تو پھر اسکے بعد صدقات میں
کوشش کرے ممکن ہو کہ خداوند تعالیٰ معاف فرما دے

بزرگوں کی شکرگذاری یہ ہے کہ چھوٹوں پر
مہربانی کریں اور بلند ہمتی یہ ہے کہ مسکینوں کے مال میں
ہاتھ نہ ڈالیں۔

جب تجھکو قدرت ہو تو اس کا اس طرح استعمال کر
کہ اگر زمانہ پلٹ جائے تو تو بھی ویسا ہی تحمل کر سکے

کمزوروں کی دل آزاری خالی نہیں جاتی ہے کیونکہ چیونٹیاں
اتفاق سے شیر کو عاجز کر دیتی ہیں اور بہت سے
مچھر ملکر ہاتھی کو پچھاڑ دیتے ہیں۔

صاحب فرمان کو علی الصباح اٹھنا چاہئے
اور دوگانہ صبح ادا اور ادائے شکر و سپاس کے بعد

حضرت رب العالمین امن و استقامت
خلق از خداے عز و جل در خواستے و گفتے
یارب عهدهٔ کار عظیم بدست بندهٔ ضعیف
فرمودی و از جهد و کفالت من کارے
بر نیاید، بہ آبروے مرداں درگاہت و
بصدق معاملہ راستاں توفیق عدل
و انصافم دہ و از جور عدوان پرہیزم
و مرا از شر خلق و خلق را از شر من
نگاہ دار۔ و روزے مکن کہ دل بیگناہے
از من بیازارد۔ و نفرین مظلومے از
عقب من باشد۔
تنبیہ۔ عامل مردم آزار را حکم و عمل ندہد
کہ دعاے بد تنہا نہ بروے کنند۔
تنبیہ۔ از جملہ حقوق صاحب فرمان ماضی
(بہ وارث) یکے آنست کہ دوستان
و محبان پدر را حرمت دارد و ضائع نگذارد
نصیحت۔ حالے کہ نخواہد برا فتد با خواص

اوس کو لازم ہے کہ خداوند جل شانہ سے امن اور استقامت
خلق (یعنی رعیت بغاوت نہ کریں) کی دعا مانگو اور یوں عرض کرے
کہ خداوند تو نے مجھ ضعیف کی ذمہ عظیم الشان کام لگایا ہے
اور حقیقت یہ ہے کہ میری سعی اور کفالت سے کچھ بھی نہیں ہوتا
اب اپنے نیک بندوں اور سچے لوگوں کے معاملات کے
طفیل میں مجھے انصاف کی توفیق دے۔ ظلم
و ستم سے بچا۔ مجھے لوگوں کے شر سے
محفوظ رکھ۔ اور میرے شر سے مخلوق کو پناہ دے
اور میری زندگی کا کوئی ایسا دن نہ آئے
کہ میں کسی بے گناہ کو ستاؤں اور مظلوم کی ملامت
مجھ پر پڑتی رہے۔
مردم آزار عامل (حاکم با اختیار) کو حکومت نہ دی جائے کیونکہ
بری دعاؤں میں (صاحب فرمان) بھی شریک کیا جاتا ہے
رئیس سابق کو وارث پر ایک حق یہ بھی ہے کہ اپنے
باپ کے دوستوں کا ادب کرے اور اُن کو
بربادی سے بچائے۔
جس حال کو تم پوشیدہ رکھنا چاہتے ہو خواص سے بھی

ہم نگوید اہر چند دوستان مخلص باشند کہ آن
دوست را ہمچنان دوستان باشند با چون قیاس مسلسل
پیند ہمہ حال با دوستان نہ گوید کہ
دوستی ہمہ وقت نماند۔

ترہیب روی از حکایت ارباب مہمات در ہم
نہ کشد و بہ لطف با ہمہ کس بگوید و بہ رغبت بشنود
کہ صاحب فرمان را تحمل فرمان بران باید کرد
تا مصلحتی کہ دارند فوت نشود

باید کہ مراد ہمہ جوید و حاجات ہمہ کس بہ حسب مصلحت
وی بر آرد کہ حاکم را ترش روئی نشاید۔

تنبیہ اہل قلم را از عمل بہ عمل و از جای بجائی
فرستد تا اگر تغلیطے کند پنہان نماند

پند۔ تبرک و پیشکش و تحفہ و نوباوہ کہ پیش صاحب
فرمان برند مروت آنست کہ برغبت
قبول کند و شکریہ گوید و بہ حسب توقع
آورندہ بہ نیکی پاداش کند و در ارسال
ہدایا تعجیل بکند و تاخیر روا ندارد۔

نہ کہنا چاہئے اگرچہ یہ خالص دوست ہوں کیونکہ ممکن ہے کہ اس
دوست کے بھی دوست ہوں اسطرح یہ سلسلہ غیر تمناہی ہے
تمام حالات دوستوں سے نہ کہنا چاہئے
کیونکہ دوستی دوامی نہیں ہوا کرتی ہے

جو لوگ مشکلات میں مبتلا ہیں انکے حالات سن لینا چاہئے اغماض
مناسب نہیں اور سب کے ساتھ مہربانی سے بات چیت کیجائے
اور دلی ذوق سے گفتگو سنے کیونکہ رئیس کیلئے فرمانبرداروں کے
ساتھ تحمل کرنا ضروری ہے تاکہ مقصد فوت نہ ہو۔

رئیس کو سب کی حاجت روائی ان کی منشا کے مطابق کرنا چاہئے
کیونکہ حکمران کے لئے ترش روئی جائز نہیں ہے۔

اہل قلم کو ایک کام سے دوسرے کام پر اور ایک جگہ سے دوسری جگہ پر تبدیل
کرنا چاہئے اسطرح کرنے سے ان کی غلطیاں نہیں رہتی ہیں۔

فرمانروا کے سامنے جو تبرک اور میوے اور پھولوں کی ڈالیاں پیش کیجائیں
بمقتضائے مروت ان کو دلی رغبت سے قبول کرنا چاہئے اور پیش کنندہ
کی امید کے مطابق شکریہ کے ساتھ اس کا معاوضہ کیا جائے
اور تحف و ہدایا کے بھیجنے میں تاخیر نہ کرے
بلکہ جلد سے جلد بھیجدیا جائے۔

حکمت - در چشم غریباں روا باشد
بادشاہ را شوکت و ہیبت نمودن،
اما در خلوت با خاصان کشادہ روئی اولیٰ تر

باہر والوں کے سامنے بادشاہ کو شان و
شوکت کا اظہار کرنا چاہیئے لیکن خواص کی تنہا
خلوت میں کشادہ روئی برتنا چاہیئے۔

ترہیبت - دو کس را کہ باہم اُلفتے زیادہ
نباشد در عمل انباز گردانند تا با خیانت ہم
نہ سازند

ایسے دو آدمیوں کو جن میں زیادہ میل نہ ہو
کام میں شریک کرنا چاہیئے تاکہ خیانت
کرنے میں سازش نہ کریں۔

تنبیہ - بندہ را کہ بہ گناہ شنیع از نظر براند
حق خدمت دیرینش فراموش نہ کند۔

جس نوکر کو کسی فعل بد کے باعث نظری کیا جائے
اُس کی قدیمانہ خدمت کو فراموش نہ کرنا چاہیئے

پند - صد عیب و خطا بہ یکے از خدمتگاران
روا باشد بہ عزت آبا و اجداد او عفو کردن

ایک خدمت گار کے سو قصوروں کو اُسکے
بزرگوں کے طفیل میں معاف کر دینا جائز ہے۔

ترہیبت - پروردۂ نعمت را چوں بہ
جرمے کہ مستوجب ہلاک است خون
بریزد اہل و عیالش را معطل نگذارد

ایسا شخص جس کی حکومت نے پرورش کی ہو
جب کسی جرم میں قتل کیا جائے تو اُس کے
اہل و عیال کی پرورش کی جائے۔

پند - لشکریاں کہ در جنگ عدو کشتہ شوند
برگ و اسباب معاش بر فرزندان متعلقان او
دریغ ندارد۔

سپاہی جو غنیم کے مقابلہ میں مارے جائیں
اُن کی اولاد کے ساتھ سامان معاش میں
دریغ نہ کرنا چاہیئے۔

تنبیہ - چندانکہ تواند با شہری و غریب

البتہ در امکان اہل شہر و مسافر اور

با خاص و عام رفق و تواضع کند که
منصب به سزاواران شاید
در دل و چشم خلائق جا کرده شیرین گردد

حکمت۔ خداوند فرمان چون خواهد که
خطائے بخشد از عنایت فرا نماید در
لباس معاتبت تا بزرگان بفراست
معلوم به شفاعت در آیند پس آنگه
به عهد و توبه و صلاحیت گناهش
عفو کنند ۔

اور خاص و عام کے ساتھ نرمی و تواضع کرنا منصب
ریاست کے لئے مضر نہیں ہے بلکہ یہ طرز عمل
فرمانروا کو خلائق کی نظر میں محبوب بنا دیتا ہے۔

فرمانروا جب کسی کی خطا معاف کرنا چاہے تو
عتاب کی صورت میں اپنی عنایت ظاہر کرے
تاکہ سمجھدار اصحاب اُس کی سفارش کریں۔
اُس وقت خطاوار سے عہد لیکر اور توبہ کرا کے
اُس کا گناہ معاف کرے۔

پند۔ خداوندان شوکت را
بزندان فرستند حرمت و عزت و
ماکول و ملبوس و مشروب و منکوح
و ندیم و اسباب معاش او را مهیا دارد
یعنی همت همین است که الدهرُ
یومان یومٌ لک و یومٌ علیک

نصیحت۔ از جمله حسن تدبیر اصحاب
فرمان یکے آن است که با خصم قوی

جب بڑے آدمیوں کو قید میں بھیجے تو اُس کی
حرمت، عزت، کھانے پینے بی بی و مصاحب
وغیرہ کا خیال رکھے اور اسباب معاش اُسکے لئے
مہیا کر دے کیونکہ اسی کا نام ہمت ہے۔ مطابق
اس مثل کے "زمانہ میں دو دن ہوتے ہیں ایک
جسمیں تم حکومت کررہے ہو۔ دوسرا وہ جسمیں تمپر حکومت کیجائیگی"

بہترین تدبیروں میں صاحب فرمان کیواسطے ایک
یہی ہے کہ زبردست دشمن سے نہ اُلجھے

در نپیچد و بر دشمن ضعیف جور نکند
که پنجه با غالب انداختن نه مصلحت و پنجه
مغلوب شکستن نه مروت۔

فائده۔ دوستان را آزردن مراد
دشمنان برآوردن است

فائده۔ بر ظلم صریح از خاصگیان تن
زدن، عامیان را گردن زدن است

تنبیه۔ حاکم عادل دیوار مستحکم است
چون میل کند رو به خرابی دارد۔

موعظه۔ اول نصیحت نزدیکان گفته اند
آنگه ملامت دوران تا به گفتار خود عمل
نه کنی در دیگران اثر نه کند۔

حکمت۔ سلطان خردمند رعیت
نیازارد تا چون دشمن بیرونی زحمت دهد
از دشمن اندرونی ایمن باشد۔

فائده۔ دین نگاه داشتن نتوان الا به علم
و ملک را جز به حلم۔

اور نہ کمزور دشمن پر ظلم کرے کیونکہ زبردست
پنجہ لڑانا خلاف مصلحت اور کمزور کا پنجہ توڑنا
خلاف مروت ہے۔

دوستوں کا ستانا گویا دشمنوں کی
دلی مراد پورا کرنا ہے۔

خواص کے ظلم پر سکوت کرنا عوام کی گردن
مارنا ہے۔

منصف حاکم ایک مضبوط دیوار کے مشابہ ہے
جب ٹیڑھی ہو جائے گی تو خرابی لائے گی۔

پہلے پاس والوں کو نصیحت کرنا چاہیے پھر دور
والوں کو ملامت کیونکہ جب تک اپنا قول
و فعل درست نہ ہو دوسرے پر اسکا اثر نہیں پڑیگا

عقلمند بادشاہ رعیت کو نہیں ستاتا ہے۔
اور اس میں یہ حکمت ہے کہ جب بیرونی دشمن سے
تکلیف پہونچے تو اندرونی دشمن سے حفاظت رہے

مذہب کی حفاظت علم سے اور سلطنت کی
حلم سے حفاظت ہو سکتی ہے۔

پند۔ عفو از گناہ کسے کند کہ دعائے خیر همہ را گوید۔

حکایت۔ عالمے راست کار در پیش اسکندر بہ حجت زبان آوری میکرد اسکندر گفت "از من نمی ترسی"؟ گفت "چرا ترسم ہر کہ راستی کند از خدا نترسد و ترس بندہ از خیانت یا از ظلم خداوند گار است و من از این ہر دو ایمن"۔

حکایت۔ ہارون رشید یکے از متعلقان دیوان را بہ دینارے خیانت معزول کرد طائفہ بزرگان پس از چند روز شفاعت کردند کہ "بدین قدر خیانت بندگان را از خدمت درگاہ محروم نگردانند" گفت "غرض مقدار نیست آنکہ مالِ من برد خون رعیت بریزد۔

پند۔ این کہ گویند کلام الملوک ملوک الکلام اعتماد را نشاید۔ سخن اندیشیدہ گوئی و معنی دار

ایسے شخص کا قصور معاف کر دینا چاہیے کہ جو خلائق کے حق میں دعائے خیر کرتا ہے۔

ایک راست باز عاقل اسکندر یونانی کے سامنے دلیل اور حجت کے ساتھ گفتگو کر رہا تھا اسکندر نے کہا تو مجھ سے نہیں ڈرتا! اوس نے جواب دیا کہ ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے جو شخص سچائی سے کام کرتا ہے وہ خدا سے بھی نہیں ڈرتا اور نوکر دو باتوں سے ڈرتا ہے یا تو خود اُس نے خیانت کی ہو یا اُس کا آقا ظالم ہو۔ اور میں اِن دونوں سے محفوظ ہوں۔

خلیفہ ہارون رشید نے دفتر کے ایک ملازم کو ایک دینار کی خیانت پر معزول کر دیا۔ کچھ دنوں کے بعد بڑے لوگوں نے اُس کی خلیفہ سے سفارش کی کہ اتنی تھوڑی خیانت پر ملازم کو خدمت دربار سے محروم نہ کرنا چاہیے۔ خلیفہ نے جواب دیا کہ رقم کی مقدار سے مطلب نہیں ہے بلکہ واقعہ یہ ہے کہ جو میرا مال چُراتا ہے وہ رعایا کو قتل کرتا ہے۔

یہ ضرب المثل کہ "کلام الملوک ملوک الکلام" قابل اعتماد نہیں ہے معقول بات سوچ سمجھ کر کہنی چاہیے

که اگر جاے دگر گفته آید طاعنان را مداخلت نماند- واگر دیگرے ہمان سخن گوید ترا پسند آید-

کیونکہ اگر دوسری جگہہ وہ بات دُہرائی جائے تو طعنہ دینے والوں کو موقع نہ ملے اور اگر وہی بات دوسرا کہے تو تم کو پسند آئے-

نصیحت- قوتِ راے آنست که عمل فردا را امروز به کار نبرد و کار امروز فردا نیفگند-

قوت راے یہ ہے کہ کل کے کام کو آج نہ کرے اور آج کے کام کو کل پر ملتوی نہ کیا جاۓ-

پند- حق بزرگان بر زیر دستان شرط خدمت بجا آوردن است و کمالِ تفرس بر اسباب فراغ و مؤنت و فضل خداوندگار شکرِ خدمتِ بندگان گفتن است و منت نا نهادن-

بزرگوں کا چھوٹوں پر یہ حق ہے کہ ان کی خدمت کرتے رہیں اور کمال ہوشیاری سے انکے اسباب فراغ اور معیشت پر نظر رکھیں خدا کے فضل و کرم کا شکر یہ ہے کہ بندوں کی خدمت کی جاۓ اور ان پر احسان نہ رکھا جاۓ-

پند- خدمت گارانِ قدیم را که قوت خدمت نمانده است اسباب معاش مهیا دارد و خدمت نخواهد- که دعاے سحرگاه بهتر از خدمتِ درگاه-

جن پرانے نوکروں میں کام کرنے کی طاقت نہ ہے ان سے خدمت نہ لیجاۓ اور معاش قائم رکھی جاۓ کیونکہ دعاۓ سحرگاہ خدمت درگاہ سے بہتر ہے-

تنبیه- جلیس پادشاهان کسے باید که که شفقت بر دین پادشاه بیشتر از مال

بادشاہوں کا مصاحب اس شخص کو ہونا چاہیئے جس کو بادشاہ کے مال سے زیادہ

و تا ید و حیثیت رعیت بر سلطان آسان تر
فراگیرد کہ حیثیت سلطان بر رعیت

تنبیہ۔ بادشاہان پدر یتیمان اند۔ باید کہ بہتر
از پدران غم خورند تا فرق باشد میان
پدر درویش و پدر بادشاہ۔

نصیحت۔ دست عطا تا تواند کشادہ
دارد مگر آنکہ دخل بر اخراجات وفا کند
کہ اسراف و بخل ہر دو مذمومند۔

وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا

تربیت۔ جوانمردی پسندیدہ است اما
نہ بہ حدے کہ دستگاہ ضعیف شود و نعمت
نگاہ داشتن مصلحت است اما نہ چندانکہ
خاصگیان و سپاہی سختی کشند۔

پند۔ عیش و طرب ناگزیر است چندانکہ
وظائف طاعات و مصالح رعیت در آن
مستغرق نشود۔

نصیحت۔ خشم و صلابت بادشاہ در کار است

اس کا مذہب عزیز ہو اسی طرح وہ رعایا کا ایسا ہمدرد ہو
کہ بادشاہ کی ظلم کو مقابلہ میں رعایا کی ظلم کو (بمقابلہ بادشاہ کے) آسان سمجھے

بادشاہ یتیموں کے باپ ہوتے ہیں اس لئے انکو یتیم کے
باپوں سے بڑھ کر غمخوار ہونا چاہیئے تاکہ فقیر باپ اور
بادشاہ باپ کے درمیان امتیاز رہے۔

فیاضی کے ہاتھ کو بقدر امکان کشادہ رکھنا چاہیئے
مگر شرط یہ ہے کہ آمدنی مصارف کو کافی ہو۔
کیونکہ فضول خرچی کنجوسی دونوں مذموم ہیں

فیاضی اچھی چیز ہے۔ لیکن نہ اس قدر کہ سرمایہ
گھٹ جاوے اور مال کا جمع رکھنا بھی
مصلحت ہے لیکن نہ اتنا کہ نوکر اور سپاہی
تکلیف اٹھائیں۔

عیش و طرب بھی ضروری ہے مگر
اس قدر افراط نہ ہو کہ یاد الٰہی و مصالح
رعایا کی خبر نہ رہے۔

خفگی اور سختی یعنی سیاست بادشاہ کیلئے ضروری ہے

ہر چند آنکہ ہر دم از خوے بدش نفرت گیرند
و بازی و ظرافت روا، اما نہ آن قدر کہ
بہ خفت عقل منسوب گردند۔

موعظہ۔ اخبار ملوک پیشین را بسیار مطالعہ کنند
کہ از چند فائدہ خالی نباشد۔ یکے آنکہ
بر سیرت خوب ایشاں اقتدا کنند۔ دیگر
آنکہ بر تقلب روزگار آگاہ شود و تامل کند
تا بہ جاہ و جمال و منصب فریفتہ نشود

تنبیہ۔ مطرب و شطرنج باز بگر و افسانہ
گوئے را ہمہ وقتے راہ نہ دہد کہ دل را
سیاہ گرداند مگر دفع ملال را ہر مدتے
نوبتے۔

حکایت۔ شبلی علیہ الرحمہ بہ یکے از
مجالس ملوک داخل شد، ملک را دید
کہ با وزیر بہ بازی شطرنج مشغول است
گفت اے احسنت! شمار ابرای راستی
نشاندہ اند، بازی می کنید، عہدہ

مگر اس قدر کہ لوگ اُس کی بُری عادت سے
نفرت کرنے لگیں اور تفریح و ظرافت بھی جائز ہے
لیکن نہ اتنی کہ کم عقلی پر محمول ہو۔

شاہان سلف کے حالات کو زیادہ دیکھنا
چند فائدوں سے خالی نہیں ہے۔ اول یہ ہے کہ انکی
بہترین خصائل کی پیروی کرے۔ دوسرے
یہ کہ انقلاب زمانہ سے آگاہ ہو کر فکر کرے اور
جاہ و جمال و منصب پر فریفتہ نہ ہووے

گوّیے، شطرنج باز، بازیگر، اور داستان گو کو
ہر وقت حضوری کی اجازت نہ دے کیونکہ انکی صحبت
قلب کو سیاہ کرتی ہے۔ البتہ رنج و ملال کے دفعیہ کیلئے
کبھی کبھی مضائقہ نہیں۔

شبلی علیہ الرحمۃ ایک بادشاہ کی مجلس میں گئے
بادشاہ کو وزیر کے ساتھ شطرنج کھیلتے ہوئے دیکھ کر
آپ نے فرمایا! شاباش تم انصاف کیواسطے بادشاہ
بنائے گئے ہو اور تم کھیل رہے ہو۔

ملک داری کاریست عظیم، بیدار باید بود
وہشیار، و ہمہ وقت با پروردگار در
مناجات تا بدست و زبان وقلم وقدم
وے آن راند کہ مصالحۂ ملک و دین
در آن باشد،،

تربیت۔ مردم متہم و نا پرہیزگار قرین خود
نہ گرداند کہ طبیعت ایشان در وے اثر کنند
از شنعت خالی نباشد و تادیب دیگران
کہ ہمین فعل و عمل داشتہ باشند از وے درست
نباید ۔ ع

او خویشتن گم است کرا رہبری کند

گواہی بہ خیانت نشنود مگر آنکہ دیانت
گویندہ معلوم گرداند۔ و تا بہ عذر گناہ
نہ رسد عقوبت نہ فرماید۔ و از خطیۂ
دزدان بہ شفاعت دوستان درنگذارد

تنبیہ۔ دزدان دو گروہ اند اول آنکہ با تیر
و کمان در صحرا و بعضی بہ کیل و ترازو در بازارہا

ملک داری بہت بڑا عہدہ ہے۔ ہوشیار رہو
اور ہر وقت خدا سے دعا مانگو تا کہ وہ
تمہارے ہاتھ زبان، قلم، اور قدم سے ان امور کو
سرانجام کرائے جو حکومت مذہب کیلئے ضروری ہیں

جو شخص بدنام ہو اور پا عبادت شعار نہ ہو۔
اس کو اپنے پاس نہ آنے دے کیونکہ انکی طبیعت کا اثر پڑتا ہے
اور یہ برائی سے خالی نہیں ہے۔ اور دیگر اشخاص
جو ان افعال میں مبتلا ہیں، ان کی تادیب بھی بوجہ
احسن یہ شخص نہیں کر سکتا بقول شخصے ع

او خویشتن گم است کرا رہبری کند

جس گواہی میں سچائی نہ ہو وہ قابل قبولیت نہیں ہے
ہر گواہ کی دیانت معلوم ہونا چاہیے جب تک مقدمہ کی
تہ پر نہ پہونچ جائے سزا نہ دینا چاہئے دوستوں کی
سفارش سے چوروں کی بداعمالی پر درگزر نہ کیجائے
چور دو قسم کے ہیں ایک تو وہ ہیں جو تیر و کمان کے ساتھ جنگل میں
رہتے ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو ترازو اور پیمانہ لیکر بازاروں میں بیٹھے ہیں

باید دفع ایشان را واجب داند

حکایت۔ نوشیرواں عادل درکفر بمُرد۔ بہ خوابش دیدند درجائگاہ خوش وخرم پرسیدند کہ این مقام از کجا یافتی گفت بر مجرمان شفقت نیاوردم و بیگناہان را نیازردم

نصیحت۔ ہرچہ از مصلحتِ ملک بہ خاطر آید بہ عمل در نیاورد نخست اندیشہ کند پس مشورت چون غالب ظنش صواب نماید۔ بنام خدا وتوکل بر او ابتدا کند ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ

ترتیب۔ رائے وتدبیر از پیر جہاں دیدہ توقع دارد وجنگ از جوانانِ جاہل

پند۔ دادِ ستم دیدگان بدہ تا ستمگاران چیرہ نہ گردند کہ گفتہ اند

"اگر سلطان دفع دزدان نہ کند
بہ بازوے خود کاروان بزند"

ترتیب۔ دوست دشمن طریقہ

دونوں کے انسداد کو واجب جاننا چاہیئے

نوشیرواں عادل حالت کفر میں مرا اس کو خواب میں دیکھا کہ اچھی جگہہ ہے اور خوش اور خرم ہے پوچھا کہ یہ مرتبہ کیسے حاصل ہوا اُس نے جواب دیا کہ مینے مجرموں پر شفقت نہیں کی اور بے گناہوں کو نہیں ستایا

مصلحت ملک کے متعلق جو بات دل میں آئے اس پر فوراً عمل نہ کرے پہلے سوچے پھر مشورہ کرے اور جب وہ بہ ظن غالب ٹھیک معلوم ہو تو خدا کا نام لیکر اور اس پر بھروسہ کر کے شروع کر دے۔ ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ

بوڑھے جہان دیدہ سے رائے اور تدبیر کی اور اور نوجوان جاہل سے جنگ کی امید رکھنا چاہیئے

مظلوم کا انصاف کرنا چاہیئے تاکہ ظالم دلیر نہ ہو جائیں جیسا کہ مشہور ہے۔

"اگر بادشاہ چوروں کا انسداد نہ کرے تو
گویا وہ خود ہی قافلہ لوٹتا ہے"

دوست و دشمن دونوں کے ساتھ

احسان پیش گیر که دوستان را مهر و محبت
بیفزاید و دشمنان را عداوت کم شود
تنبیه۔ خزانه باید که همه وقتے موفر باشد
و خرچ بسیار بے حساب روا ندارد
که دشمنان در کمین اند و حادثه ها در راه
موعظه۔ کاروان زده و کشتی شکسته
و مرد زیان رسیده را تفقد نماید
و حمایت کند که اعظم صدقات
است۔
نصیحت۔ مستاجر بستان ها
و ضامن مستغلات را که دخل به شروط
وفا نه کرده است در استیفاے آن
سخت نه گیرد و به آخر چیزے مسامحت کند
و نوبت دیگر عملے از آن به منفعت تر
ارزانی دارد تا منتفع گردد۔
ترغیب۔ هنرمندان را نیکو دارد تا
صاحب دوکان ها از بهر خانه که مالکانے کرایه آن منتفع شود

احسان کرنا چاہئے تاکہ دوستوں کی دلوں میں
محبت بڑہے اور دشمنوں کی عداوت کم ہو۔
خزانہ کو ہر وقت معمور رہنا چاہئے خرچ
اندھا دھند نہ ہو کیونکہ دشمن تاک میں ہیں اور
حوادث راہ میں۔
جس شخص کا قافلہ لوٹ لیا گیا ہو جسکی کشتی ٹوٹ گئی ہو
اور جو نقصان رسیدہ ہو اسکی امداد و حمایت
کرنا چاہئے کہ یہ جملہ امور سب سے بڑے صدقے
ہیں۔
باغات کا مستاجر اور کرایہ والی جائداد کا ضامن
اگر وقت مقررہ پر آمدنی داخل نہ کرے تو اسکی
بقایا میں سختی نہ کی جاوے اور خاتمہ پر اسکی ساتھ
نرمی کرنا چاہئے اور دوسری مرتبہ کوئی ایسا
کام دیدینا چاہئے جس سے اس کو پہلے کے
مقابلہ میں زیادہ فائدہ ہو جاوے۔
ہنرمندوں کی قدر کی جاوے

بے ہنراں راغب شوند وہنر پرورند ومملکت کمال گیرد

تاکہ بے ہنر راغب ہوں ہنر سیکھیں اور سلطنت کمال حاصل کرے

پند۔ لشکریاں را نیکو دارد و بہ انواع ملاطفت دل بدست آرد کہ اگر دشمنان در دشمنی متفق باشند دوستاں در دوستی مختلف نباشند۔

فوج کو اچھی طرح رکھے اور مختلف مہربانیوں سے ان کو اپنا بنائے تاکہ اگر دشمن دشمنی میں متفق ہو جائیں تو دوست دوستی میں مختلف نہ ہوں

فائدہ۔ ... سپاہی را سلطان نان مید ہد بہائے جان مید ہد پس اگر بگریزد شاید کہ خونش بریزد۔

.... سپاہی کو جو بادشاہ روٹی دیتا ہے وہ اس کی جان کی قیمت ہے پس اگر وہ مقابلہ سے بھاگ جائے تو اس کو قتل کر دینا چاہیئے۔

موعظہ۔ بادشاہے کہ عدل نہ کند و نیک نامی توقع دارد دیداں ماند کہ جو کارد و امید گندم دارد۔

جو بادشاہ انصاف نہ کرے اور بہر نیک نامی کی امید رکھے اس کی ایسی مثال ہے کہ جو بوتا ہے اور گیہوں کاٹنے کی امید رکھتا ہے۔

تنبیہ۔ اے کہ مال از بہر جاہ دوست میداری کرم کن و تواضع پیش گیر کہ جاہ ازیں زیادت نیست کہ خلعت دوستاں پوشند و ثنا گویند۔

اگر مال کی محبت محض اعزاز کے لیئے ہے تو کرم و تواضع سے پیش آنا چاہیئے۔ کیونکہ جاہ و دولت کا مآل کار یہ ہے کہ دوست خلعت پہنیں اور تعریف کریں۔

موعظہ۔ مردی نہ جہانگیریست بلکہ

ملکوں کا فتح کرنا بہادری نہیں ہے بلکہ

جهانداری ست دانا جهان بگیرد و بدارد
و نادان جهان بر دارد

نصیحت۔ بادشاهان جائیکه نشینند
با خبر باشند که حاجبان و سرهنگان
نه هر وقتے مهمات رعیت به سمع بادشاه
رسانند۔

تربیت۔ هرکه کسے را نه رنجاند از کسے
نه ترسد کژدم که همے ترسد و گریزد از
فعل خبیث خویش بود۔ گربه در خانه
ایمن ست از بے آزاری و گرگ در صحرا
سرگردان از بدافعالی
گدایان در شهر آسوده از سلیمی، دزدان
در کوه و صحرا حیران از بدخصالی۔

پند۔ از دشمن ضعیف بترس و اندیشه کن
که در وقت بیچارگی بجان کوشد۔ گربه اگرچه
ضعیف، هرگاه با شیر در افتد به ضرورت
بر تدد به چنگال چشمانش بر کند۔

اس پر حکومت کرنا بہادری ہے۔ عقلمند ملک فتح
کرتا ہے اور اُس پر قبضہ کرتا ہے اور نادان اسکو تباہ کر دیتا ہے

بادشاہ جس جگہہ قیام کریں
ہوشیار رہیں۔ کیونکہ عرض بیگی اور دربان
رعایا کی مشکلات ہر وقت بادشاہ کے کانوں تک
نہیں پہونچاتے ہیں۔

جو کسی کو نہیں ستاتا وہ کسی سے
نہیں ڈرتا ہے۔ بچھو خوف زدہ ہو کر بھاگتا پھرتا ہے
یہ اس کی بدطینتی ہے۔ بلی اپنی بے آزاری کیوجہ سے گھر میں
بیخوف رہتی ہے اور بھیڑیا اپنی بدافعالی کی وجہ سے
جنگل میں مارا پھرتا ہے فقیر شہر میں اپنی سلیم الطبعی سے
مطمئن اور چور اپنی بدخصالی کی وجہ سے کوہ
وصحرا میں حیران رہتے ہیں۔

کمزور دشمن سے بھی ڈرتے رہنا چاہیئے
کیونکہ مجبوری کے عالم میں وہ جان پر کھیل جاتا ہے
بلی اگر ضعیف ہوتی ہے۔ لیکن جب شیر سے مقابلہ ہو جاتا ہے
تو وہ بھی پنجوں سے اُس کی آنکھیں نکال لیتی ہے

نصیحت ۔ با خرد و بزرگ دوستی کن
و بیخ محبت نشان و اعتماد بر آں مکن
کہ در حمایت بادشاہم و کسے را با من
مقاومت صورت نہ بندد ۔

چھوٹے اور بڑے کے ساتھہ دوستی کرو
اور اپنی محبت اس کے دلوں میں بٹھادو
اور اس پر اعتماد مت کرو کہ میں بادشاہ کی حمایت میں
ہوں اور کوئی میری ساتھ مقابلہ نہیں کرسکتا ۔

و اگر پیادۂ ترا بہ نادانی کُشد
بادشاہ بکین تو اقلیمے را نہ کُشد
و نہ ترا زندہ تواند کرد ۔

اگر کوئی نڈر تجھہ کو نادانی سے مار ڈالے
تو تیرے قصاص میں بادشاہ ایک ملک کو
ہلاک نہ کریگا ۔ اور تجھہ کو بھی زندہ نہیں کرسکتا ۔

چناں کن کہ خیر تو در قضاے تو
گویند نہ کہ در نظر از بیم گویند
یا از طمع ۔

یہ طرز عمل ہونا چاہیئے کہ مرنے کے بعد تیرا ذکر
خیر کریں ۔ نہ یہ کہ سامنے خوف اور طمع سے
تعریف کریں ۔

موعظہ ۔ در زندگی سعی کن کہ بہ از دیگراں
باشی بہ فعل و صلاح و کرم کہ در مردن
گدایان و بادشاہان یکسانند
اگر مدفن سلطاں یا مسکیناں باز
کنند فرق نتواں کرد

زندگی میں کوشش کرنا چاہیئے کہ تم اعمال و
انسانیت اور فیاضی میں دوسروں سے بڑھ جاؤ
کیونکہ مرنے میں بادشاہ فقیر یکساں ہیں ۔ اگر
بادشاہ یا مسکینوں کی قبروں کو کھولیں تو ان میں
کوئی فرق نظر نہیں آئے گا ۔

تنبیہ ۔ دشمن بہ دشمن برانگیز تا ہر طرف کہ
غالب آید فتح از آنِ تو باشد ۔

دشمنوں کو آپس میں لڑانا چاہیئے کیونکہ
ان کی کامیابی عین تیری کامیابی ہے ۔

پند - دشمن از خردی مگذار کہ بزرگ شود
پیادہ شطرنج رہا مکن کہ بسر رود و
فرزین گردد۔

دشمن کو چھوٹا سمجھ کر مت چھوڑ کہ وہ بڑا ہو جائے
شطرنج کی پیادہ کو اس قدر مت بڑھا کہ وہ فرزین
بن جائے۔

تربیت - در حالتِ آسانی دلہا بدست آر
تا در حالتِ دشواری بکار آید۔

اطمینان کی حالت میں دلوں پر قبضہ کرنا چاہئے
کہ مشکل کے وقت کام آئیں۔

فائدہ - پادشاہان کہ بہ لہو ولعب و شراب
از مصالح مملکت غافل نشستند، تدبیر
امور بہ نویسندگان باز گذارند، ایشاں
نیز بہ جذب منفعتِ خویش از مہمات رعیت
فارغ باشند، لیس بہ نباید کہ مملکت
خراب گردد۔

جو بادشاہ کہ کھیل کود اور شراب خواری میں رہ کر
مصلحت سلطنت سے غافل ہو جاتی ہیں اور
سلطنت کے کاموں کو عمال پر چھوڑ دیتی ہیں اور وہ بھی
اپنے فائدہ کی بنا پر مہمات رعیت سے بے پروا
ہو جاتے ہیں زیادہ دن نہیں گزرنے پاتے
کہ ان کا ملک خراب ہو جاتا ہے۔

بہ ہلاکتِ دشمناں کسے شادمانی کند
کہ از ہلاک خویش ایمن باشد۔

دشمن کی ہلاکت سے وہ شخص خوش ہوتا ہے
جو اپنی ہلاکت سے بےخوف ہوتا ہے۔

حکمت - طعام آنگہ خورد کہ اشتہا غالب
شدہ باشد و سخن آنگہ گوید کہ ضرورتے
افتد و سر آنگہ بر بستر نہد کہ خواب غلبہ
کردہ باشد

کھانا اُس وقت کھائے کہ بھوک غالب ہو اور
بات اُس وقت کرے کہ جب ضرورت ہو
اور بستر پر اُس وقت لیٹے جب کہ خوب
نیند آ رہی ہو۔

نصیحت۔ در حکمرانی چناں زندگانی کنید که اگر وقتے باشد جفا و خجالت نبرد و ہمچو زنبور ناتواں که ہر کہ او را افتادہ بیند پاے بر سرش مالد۔

حکمرانی کے زمانہ میں اس طرح زندگی بسر کرنا چاہئے کہ اگر کوئی وقت پڑے تو شرمندگی نہ اٹھانا پڑے اور مثل اس کمزور بھڑ کے نہ ہونا چاہئے کہ جو کوئی اس کو پڑا دیکھے تو کچل ڈالے

موعظہ۔ عیب خود را از دوستانِ خود مپرس کہ بینند و نگویند از دشمنان تفحص کن تا بگویند۔

اپنے عیب کو دوستوں سے نہ دریافت کرو کیونکہ وہ دیکھتے ہیں اور نہیں کہتے ہیں بلکہ دشمنوں سے پوچھو کہ وہ کہدیں۔

نصیحت۔ جائیکہ تلطف باید کرد بہ درشتی سخن مگو کہ کمند از براے بہائم باشد و جائیکہ بہ قہر باید گفت تلطف مگوے کہ شکر بجاے سقمونیا فائدہ نہ دہد۔

مہربانی کی جگہ سختی نہ کرو اس لئے کہ کمند جانوروں کے واسطے ہوتی ہے اور سختی کی جگہ مہربانی نہ کرو کیونکہ شکر کے عوض سقمونیا (ایک تلخ عرق جو درخت کی چھال سے نکالا جاتا ہے) مفید نہیں ہے۔

پند۔ اگر از آں کس کہ فرمانده تست اندیشہ ناکی بر آں کس کہ فرمان بر تست لطف کن

اگر تو اپنے فرمانروا سے اندیشہ رکھتا ہے تو اپنے فرماں بردار پر مہربانی کر۔

پیوستہ چناں نشین کہ گوئی دشمن بر در است تا اگر ناگاہ از در درآید ناساختہ نباشی۔

ہمیشہ ایسا مستعد رہ کہ گویا دشمن دروازہ پر کھڑا ہے کیونکہ اگر وہ دفعتاً آجاے تو [illegible] تیار نہ ہونا پڑے

تنبیہ۔ تا کسے را در چند قضیہ نیازمائی

جب تک کسی کو چند معاملات میں آزمایا جائے

اعتماد مکن۔

رباعی

با بد منشین و باش بیگانۂ او
در دام اُفتی اگر خوری دانۂ او
تیر از سر راستی کماں را کج دید
دیدی کہ چگونہ جست از خانۂ او

صاحب قران را لازم است کہ
ہر کسے را ملازم دارد۔ تربیت و تدبیر
او شان را ملاحظہ فرمودہ باشد و خوب
بہ میزان امتحان سنجیدہ تفویض خدمت
نماید تا ساکنانِ قرب و جوار از آدم
شناسی او آفرین بر حسن تدبیر کنند
و صلاح سخن و تدبیر او قابل ثنائے
دانشوران گردد۔ واگر بر کار کثیر و عظیم
امور شود۔ خود ہم از آقائے خود و آقا
از حاکم بالائے خود استشارہ کنند
تا بہ عنایت قران و خلعت و شمشیر و سپر

اعتماد نہ کرنا چاہیے۔

رباعی

با بد منشیں و باش بے گانہ او
در دام اُفتی اگر خوری دانۂ او
تیر از سر راستی کماں را کج دید
دیدی کہ چگونہ جست از خانۂ او

صاحب قراں کو لازم ہے کہ جس شخص کو
ملازم رکھے اُس کی تعلیم و تدبیر کو پہلے ملاحظہ
کرے اور اچھی طرح امتحان کی ترازو میں
تول کر خدمت سپرد کرے تاکہ قرب و جوار کے
رہنے والے اُسکی مردم شناسی اور حسن
تدبیر کی تعریف کریں اور اُس کی نیکی،
بات اور تدبیر عقلمندوں کے نزدیک
قابل تعریف ہو۔ اور اگر کسی بڑے کام اور عظیم پر
مامور ہو تو وہ اپنے آقا سے اور آقا اپنے
حکام بالا سے صلاح کرے اِس
صورت میں قران، خلعت، شمشیر، سپر

ومنصب واضافه وخطاب سرفراز شوند
والا بر خلافِ آن۔

وصاحب فرماں را لازم است
که هرگاه که بر تخت کسے ولایت و یا در
ملک ملکِ بزرگان خویش فرماں فرما
شود مرتبه اولِ خود را فراموش نه کند
و برتر نه رود۔ و هرگاه بر ولایت مستولی
گردد حال همسائگان که قریب ملک تو اند
غافل نباشد۔ و همیشه متوجه احوال آنها
بوده از آمد و بود ایشاں خبردار شود
و از حالت روندگان مملکت باخبر باشد
و رعایا که ودائع بدائع حضرت آفریدگار اند
به دادرسی آں خود متوجه ماند۔ الله تعالی
ملک خود به همیں جهت به شما ارزانی داشته
است که از احوال بنده‌های او غافل نباشد
و از ترک سپاه غفلت نورزد و هرکسے
که نزد تو آید او را نگاه دار که الله تعالی برائ

منصب اور اضافہ سے سرفراز ہوں ورنہ
اس کے خلاف۔

اور صاحب فرمان کو لازم ہے کہ جب وہ
کسی دوسری ولایت پر یا اپنے باپ کے کسی حصہ
ملک پر حکمراں ہو تو اپنے پہلے مرتبہ کو نہ بھولے
اور اُس سے آگے نہ بڑھے۔ اور جب
غیر ولایت پر قابض ہو جائے تو اپنے پڑوسیوں کا
(جو ملک کے قریب ہیں) خیال رکھو اور اُن کے
حالات دریافت کرتا رہے۔ اور اُن کے آنے
جانے سے خبردار رہے اور آنے جانے
والوں کی حالت سے بھی باخبر رہے۔ اور
رعایا کی دادرسی پر خود متوجہ رہے۔ کیونکہ
رعایا حقیقت میں خدا کی طرف سے ایک نادر
امانت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی واسطے
تم کو ملک عطا فرمایا ہے کہ اُس کے بندوں کی
حالت سے غافل نہ رہو اور فوج کی انتظام سے
غفلت نہ کرو اور جو شخص تمہارے پاس آئے اسکی خبرگیری کرو کیونکہ
اللہ تعالیٰ نے

رزق او بر تو نوشته. و سپاهی را
دیده و دانسته زر بدهد و اگر رخصت طلبد
زود نه دهد که سپاهی کمیاب است و
جانِ خود را میفروشد و سر بر کف دست
گرفته میگردد. خزانه را صرف سپاه
باید کرد که خزانه را سپاه جمع می کنند
صاحب فرمان را لازم است که
پرورش هم وطنان نماید و حرف خبرلیفان
خود غرض در حقِ او نشنود
و اگر کسے امرا یا برادران وغیره
توپ هاے بخشیدهٔ زمانهٔ حاکمانِ پیشین
داشته باشند بغیر قصور در ضبطی
نیارد. و اگر مضاعف او کند منع نماید
و بنویسد که آنچه از سرکار به تعیین است
همین قدر باید. اگر مطابق تحریر عمل کنند
فبها و الا توپ خانه او ضبط شود
پدر و مادر پسر و دختر را از خود

اسکو رزق کی ہنڈی تمہاری نام لکھی ہے اور سپاہی کو
جان بوجھ کر انعام دینا چاہئے اور چھٹی مانگے
تو جلدی نہ دینا چاہئے۔ کیونکہ کمیاب ہے، اپنی جان
بیچتا ہے اور سر ہتھیلی پر لئے پھرتا ہے۔ خزانہ کو
سپاہی پر صرف کرنا چاہئے۔ کیونکہ خزانہ
سپاہی ہی جمع کرتے ہیں۔
صاحب فرمان کو لازم ہے کہ ملکیوں کی پرورش
کرے اور خود غرضوں کی باتیں ان کے
حق میں نہ سنے
اگر کوئی امیر یا بھائی بند اگلے زمانہ کی بادشاہوں کی
عطا کی ہوئی توپیں رکھتے ہوں تو بغیر کسی قصور کے
ضبط نہ کیجائیں۔ اور اگر تعداد بڑھانا چاہیں تو
اس کو منع کرے اور تحریری حکم دیا جاوے
کہ جس قدر سرکار سے مقرر ہیں اسی قدر
کافی ہے۔ اگر اس حکم کے مطابق عمل کرے تو
بہتر ہے ورنہ توپ خانہ ضبط کر لیا جاوے۔
والدین کو چاہئے کہ اولاد کو اپنے سے

بهتر و خوب تعلیم نماید و ضایع نه گذارد
و از تربیت آن غافل نباشد۔

هرگاه که فرمان برو از مقتدر بعض
اداهاے نامناسب متواتر نماید مصلحتاً
چندے معاتب داشته آخر نظر بر قدم
خدمت آنها ساخته عفو نماید

آدم کار راز کار بغیر تحقیقات
نه اندازد و بر قول ساعی و نمام عمل
نه نماید۔

رباعی

گر در پے قول و فعل سنجیده شوی
در دیدهٔ خلق مردم دیده شوی
با خلق چنان مکن که گر فعل ترا
هم با تو عمل کنند رنجیده شوی

هوشیاری و خبرداری مهتمان
و ارکان ریاست این است که
کارخانه جات خود را به ترتیب و اهتمام

زیادہ تعلیم دلائیں وقت کو ضائع نہ ہونے دیں
اور تربیت سے کسی وقت غفلت نہ کریں۔

اگر کسی بڑے فرمانبردار سے چند مرتبہ
حرکات ناشائستہ سرزد ہوں تو اوس کو مصلحتاً
چند دن زیر عتاب رکھکر اوس کی
خدمت دیرینہ کے صلہ میں معاف کر دینا چاہیے

کام والے آدمی کو (کسی شکایت پر)
اوس کی خدمت سے بلا تحقیق علیحدہ نہ کرو اور
چغل خوروں کے کہنے پر عمل نہ کرے۔

رباعی

گر در پے قول و فعل سنجیدہ شوی
در دیدۂ خلق مردم دیدہ شوی
با خلق چنان مکن کہ گر فعل ترا
ہم با تو عمل کنند رنجیدہ شوی

مہتموں اور ارکان ریاست کی
عقلمندی اور ہوشیاری یہ ہے
کہ اپنے کارخانہ جات کو ایسا

آراستہ دارد تا وقت کار ہرج نہ گردد
و مردمان درستی و آراستگی دیدہ دولت
خداداد معلوم نمایند و رونق و شکوہ او
ملاحظہ نمودہ پست شوند۔

علی ہذا القیاس ہمچنان خدمتگاران
و خانساماں را باورچی خانہ و آبدار خانہ
وغیرہ صاف و پاک داشتن مناسب
تا نفاست مزاج و پاکیزگی طبیعتش نیز
ظاہر گردد

اول آنکہ کار فرما را باید کہ اوسط باشد
در لطف و قہر۔ ہر کدام کہ دیگرے بیشتر
باشد۔ موجب انکسار سلطنت بشود
کہ در لطف زیادہ مردم جرأت پیدا
می کنند و در قہر افزودن از حد طبائع را
نفور ہمی رسد۔

دیگر آنکہ بادشاہ ہرگز آرام
طالب نباشد و فراغت شعاری

آراستہ کریں کہ کام کے وقت ہرج نہو
اور مخلوق درستی و آراستگی دیکھکر سمجھے کہ یہ دولت
خداداد ہے اور کارخانوں کی شان و شوکت
دیکھکر اُن کے حوصلے پست ہو جائیں۔

اور اسی طرح خدمتگاران اور خانساماں
کو بھی باورچی خانہ اور آبدار خانہ پاک و
صاف رکھنا مناسب ہے جن سے
مزاج و طبیعت کی نفاست کا حال
ظاہر ہوتا ہے۔

اول یہ کہ فرمانروا کو نرمی و سختی میں
اوسط درجہ اختیار کرنا چاہئے۔ کیونکہ ان
مراتب میں جو درجہ بڑھ جائیگا وہی سلطنت کی
شکست کا باعث ہوگا اس لئے کہ انتہائی نرمی کی
لوگ نڈر ہو جاتے ہیں اور اسیطرح شدت قہر سے
طبیعتوں میں نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔

دوسرے یہ کہ بادشاہ کو ہرگز آرام طلب
نہ ہونا چاہئے اور راحت طلبی کی عادت نہ ڈالے

بر خود روا ندارد که خرابی ملک انهدام
دولت این شیوه نامرضیه است و
تا مقدور در حرکت باشد۔

ابیات

پادشاه و آب را در یک مکان بودن بد است
آب ساز د بو دنبودن شهر و کارش نه درست
در سفر باشند شهان را حرست و فرو وقار
فکر آرام و تنعم می کنند بے اعتبار

سوم آنکه در فکر نوکران
باشد هر کدام که لائق کار باشد۔
به آن منسوب سازد که آهنگران
دو ر دگران فرمودن از عاقلان دور است
و کار بزرگان را به خردان، و کار خردان
را به بزرگان نباید فرمود که بزرگان از
کار خردان تنگ کنند و خردان را
حوصله کار بزرگان نباشد بنا بران
خلل تمام در انتظام مهام ردهد۔

کیونکہ یہی ناپسندیدہ طریقہ ملک و دولت کی
تباہی اور زوال کا ہے اور جہانتک مقدور امکان
چلتا پھرتا رہے۔

ابیات

بادشاہ و آب را در یک مکان بودن بد است
آب ساز د بو نا بودن شہر و کارش نہ درست
در سفر باشند شہان را حرمت و قدر و وقار
فکر آرام و تنعم می کنند بے اعتبار

تیسرے بادشاہون کو نوکرون کی
فکر ہونا چاہیے جو جس کام کے لئے
موزون ہو اُس کو اُسی خدمت پر مقرر کرے کیونکہ بڑا
کام بڑے کو سپرد کرنا عقلمندون سے بعید ہے
اسی طرح بڑا کام چھوٹون کو اور چھوٹا کام بڑون کو
سپرد نہ کرنا چاہیے اسلیئے کہ بڑون کو
چھوٹا کام کرنے مین شرم آتی ہے اور چھوٹون کو
بڑا کام کرنے کا حوصلہ نہین ہوتا اسی جہہ سے
مہمات ریاست کے انتظام مین خلل واقع ہوتا ہے

چہارم آنکہ۔ آن قدر شور مباش کہ از
دہن دور اندازند و آن قدر بے نمک
مباش کہ فرو برند۔

چوتھے یہ کہ اس قدر کڑوے نہ ہو کہ ہر شخص
تھو تھو کرے اور نہ اس قدر پھیکا پن ہو کہ لوگ
نگل جائیں۔

کار فرما را لازم است کہ با امیران
و عزیزان و اقربایان دوستی دارد و تمام
حال دل خود را بر و ظاہر نہ نماید و سخن
خود را در دل اوشان قابل اعتماد دارد
و رضائے حاکم بالائے خود را از ہمہ
کار مقدم داند۔

فرمان روا کو لازم ہے کہ عزیز و اقربا
اور امیروں سے دوستی رکھے لیکن
اپنے دل کا حال اُن پر ظاہر نہ کرے
اپنی بات کو اُن کے دل میں باوقار رکھے
اور حاکم بالا کے حکم کو سب کاموں سے
مقدم جانے۔

عیب خود را در گوش ہوش حاکم
بالا و عزیزان و برادران افتادن نہ دہد
تا مردمان دانشوران افعال اوشان
شنیدہ و دریافتہ نفور نہ نمایند۔

اپنے عیب کو حاکم بالا، عزیزوں
اور بھائی بندوں کے کان تک نہ پہنچنے دو
تا کہ عقلا اُس کے اُس کی کرتوت
سن کر نفرت نہ کریں۔

کار فرما را لازم است ہر کرا خدمت
دہد مخفی تفحص احوالش نماید کہ ابنائے
دنیا در ابتدا از حسن خدمت فریفتہ
می نمایند و باز اغراض نفسانی بکار میفرمایند

فرمانروا کو لازم ہے کہ جس کسی کو کوئی خدمت سپرد کرے
تو پہلی مخفی طور پر اس کا حال بھی دریافت کرے کیونکہ
عوام شروع میں حسن خدمت سے فریفتہ کر لیتے ہیں
اس کے بعد نفسانی اغراض کام میں لاتے ہیں

مجالست دانایان بہ قلت عیش بہ از مصاحبت جاہلان بہ وسیلہ معاش عالم جاہل را شناسد و جاہل عالم را نہ شناسد کہ ہرگز بصفت عالم موصوف نبودہ۔

جاہلوں کی صحبت سے عقلمندوں کی ہم نشینی بہتر ہے۔ اگرچہ اس میں تفریح کم ہو۔ عالم جاہل کو بربنا ر معاشش پہچانتا ہے اور جاہل عالم کو نہیں پہچان سکتا کیونکہ وہ صفت علم سے کبھی بہرہ ور نہیں ہوا

میزبانان را بخل و عالمان را عُجب و نسوان را عدم شرم و مردان را دروغ تباہ کند۔

میزبانوں کو کنجوسی، عالموں کو غرور، عورتوں کو بے حیائی مردوں کو دروغ گوئی تباہ کرتی ہے۔

زشت رو را از افعال و اقوال قبیح اجتناب کردن فرض است کہ حامل دو قباحت نشود۔ و خوب چہرہ را ذیل از لوث قبائح نگاہ داشتن فرض عین تا جامع محاسن باشد۔

بدصورت کو برے کاموں اور بری باتوں سے بچنا چاہیئے کہ وہ برائیوں کا حامل ہو اور خوبصورت کو بری باتوں سے دامن بچانا سب سے بڑا فرض ہے تاکہ وہ مجموعۂ اوصاف ہو۔

مرد خائن و شریر را رفیق خود مکن کہ ترا بہ خیانت و شرارت اتہام کنند و بسیار گو و ہرزہ گو را نجود راہ مدہ کہ افشاے راز کند۔

خائن اور شریر آدمی کو دوست نہ بناؤ ورنہ وہ تم کو بھی خیانت و شرارت کا الزام لگائیگا۔ اور زٹل قافیہ ہانکنے والے کو بھی اپنے پاس نہ آنے دو کہ وہ راز کو ظاہر کر دے گا۔

صاحب فرمان را لازم که سلیقه درستی و فرمائش اشیاے لطیف و پاکیزه و صنعت و عجائبات که زینت افزای ملک و محل است در دل دارد۔ و اہل کسب و ہنر را به دلداری تمام در ملک و بلاد خود دارد تا زیب و زینت آن ملک و بلاد خود گردد و ناموری آن ملک در جوانب و اطراف دگر و پیش جاری شود۔

صاحب فرماں کے دل میں چیزوں کی سجاوٹ کا اشیائے لطیف کی فرمائش کا اور ایسے عجائبات کا جو باعث آرائش ریاست و عمارت ہوں خاص سلیقہ ہونا چاہئے پیشہ وروں اور ہنرمندوں کو خاطرداری سے اپنے شہروں میں رکھے تاکہ زینت و آرائش ہو اور اس ملک کی شہرت تمام اطراف و جوانب میں پھیل جائے۔

کار فرما را لازم که از خبرداری دور و نزدیک غافل نباشد و آدم معتبر را به عهدهٔ خبر رسانی مقرر نماید زیرا که جمله انتظام کار و بار ریاست موقوف و منحصر بر خبر است درین امر چندان کوشش شود دریغ نه نماید

